کسٹمر کمیونی کیشن

ہم آپ کو اتصالات کے پری پیڈ سبسکرائبر کے طور پر خوش آمدید کہتے ہیں۔ یہاں آپ ہمارے ‘ای تکافل پرسنل ایکسیڈنٹ پلان’ {ذاتی حادثہ پلان} سے فائدہ اٹھائیں گے۔ آپ سے درخواست ہے کہ اس پلان کی کوریج تفصیلات جاننے کے لیے اس کا بغور مطالعہ کریں۔

اگر اس کا سیاق، اس کی کسی اور تعریف کا متقاضی نہ ہوا تو اس پلان کے لیے درج ذیل تعریفات کا اطلاق ہوگا۔

تعریفات

حادثہ:یہاں حادثہ سے مراد وہ جسمانی چوٹ ہے جو صرف اور صرف غیر متوقع، ناگہانی بیرونی تشددو ذرائع سے لگی ہو اورجو ارادی طور پر خود کو چوٹ پہنچانے یا خودکشی کے زمرے میں نہ آتی ہو۔
فائدہ[فوائد]: فائدہ سے مراد بیمہ شدہ فرد کو قابلِ ادائیگی تلافی ہے جواس پلان کے تحت موت یا مستقل مکمل معذوری کے فوائد کے زمرے میں آتے ہیں۔

مستفید ہونے والا: سے مراد سبسکرائبر کا ازروئے شریعت قانونی وارث یا اُس کی طرف سے نامزد کردہ کوئی شخص جس کو اُس کی موت یا مستقل مکمل معذوری کی صورت میں اس پلان کے تحت ادائیگی کی جاتی ہے۔ مستفید ہونے والوں میں شریکِ حیات، بچے ،والدین یا سگے بھائی یا سگی بہنیں ہیں جو یو اے ای سے باہر کےشہری بھی ہوسکتے ہیں۔

بیمہ شدہ فرد: اس سے مراد پالیسی ہولڈر کا فعال‘ پری پیڈ’ سبسکرائبر ہے جو اس پلان کے تحت مندرج ہے اور جس نے پالیسی ہولڈ رکی طرف سے متعلقہ اسکیم کے تحت متعین شرائط کو پورا کیا ہے اور جو زیادہ سے زیادہ کوریج عمر اور شرائط وضوابط کے عین مطابق ہے۔

کمپنی/تکافل کمپنی: سے مراد دبئی اسلامک انشورنس اینڈ‘ ری انشورنس’ کمپنی [پی ایس سی]، متحدہ عرب امارات ہے۔

شروعات کی تاریخ: اس سے مراد پالیسی ہولڈر کی ترغیب پر بیمہ شدہ فرد کی طرف سے اندراج کی تاریخ یا اس پلان کی شروعات کی تاریخ، جو بعد میں بھی شروع ہوتی ہے۔

واقعہ کی تاریخ: سے مراد درج ذیل میں سے ایک ہے:
١. **موت** کی صورت میں اس موت کی تاریخ تصور کی جائے گی جو اس حادثے کے نتیجے میں واقع ہو جو اس کے برعکس ہو جن کو اس پلان کے تحت خارج کیا گیا اور جو شروعات کی تاریخ کے بعد اور اس پلان کی مدت کے درمیان واقع ہوا ہو۔
٢. **مستقل مکمل معذوری** کی صورت میں مجاز اتھارٹی کی جانب سے اس مستقل مکمل معذوری کی شناخت کی تاریخ کوتصور کیا جائے گا جو ایک حادثے کے نتیجے میں پلان کی شرعات کی تاریخ اور پلان کی مدت کے دوران واقع ہوئی ہو۔

مستقل مکمل معذوری سے مراد وہ معذوری ہے جو سبسکرائبر کو 65سال کی عمر سے قبل واقع ہو، جو ایک حادثہ سے لگنے والی جسمانی چوٹ کے نتیجے میں ہوئی ہو، اور جو کم ازکم 12ماہ کی مدت تک مسلسل ہو اور جس کے غیرمعینہ مدت تک جاری رہنے کا امکان ہو۔

تاہم اس تعریف کی تشریح میں کمپنی درج ذیل کی اور ان کے استعمال کی مکمل اور ناقابلِ تلافی نقصان سے **مستقل مکمل معذوری** مراد لے گی:

- دونوں آنکھوں کی بینائی کا مستقبل غائب ہوجانا۔
- قطع جسمانی/قطع عضو [ہاتھ اور پیر]
- مکمل اور مستقل فالج
- اگر بیمہ شدہ فرد[سبسکرائبر] ایک ایسی ملازمت یا پیشے کی انجام دہی سے معذور ہوجائے جس کے لیے وہ اہلیت، تجربے، تربیت،پیشےاور منافع کے لحاظ سے موزوں ہو۔

اگر کمپنی مطمئن ہوئی توپالیسی کے تحت بیمہ شدہ فردکو غیرمعینہ مدت کے لیے ادائیگی کی جائے گی۔ ایسی ادائیگی درج ذیل کٹوتیوں سے مشروط ہوگی۔

بیمہ کی مدت سے مراد یہ ہے کہ بیمہ کی بیمہ شدہ فرد[سبسکرائبر] کی طرف سے تکافل حصہ رسدی کی خاص ماہ کے لیے ادائیگی کے 30دن کی مدت کے لیے کارآمد ہے۔
پالیسی ہولڈر/شریک : سے مراد اتصالات ٹیلی کمیونی کیشن کارپوریشن دبئی، متحدہ عرب امارات ہے۔

پلان سے مراد اس پلان کے موافق تکافل کوریج یا بیمہ کی وسعت اوراس کا اطلاق ہے۔

دہشت گردی سے مراد دہشت گردی کا ہر وہ فعل ہے جس میں طاقت کااستعمال، یا تشدد، اور/یا دھمکی جو کسی فرد یا افراد کےگروہ{گروہوں}کی طرف سے دی گئی ہو،چاہے ان کا یہ عمل انفرادی ہو یا کسی تنظیم{تنظیموں} یا حکومت{حکومتوں}کی جانب سے، یا تعلق سے سیاسی، مذہبی، نظریاتی یا لسانی مقاصد اور اسباب بشمول کسی حکومت پر اثرانداز ہونے کی نیت سے یا عوام یا عوام کے ایک حصے کو خوفزدہ کرنے کی غرض سے کیا گیا ہو،شامل ہیں لیکن ان تک محدود نہیں ہیں۔

جنگ، چاہے وہ اعلانیہ ہو یا غیراعلانیہ، یا کوئی جنگی سرگرمی، بشمول کسی بھی مقتدرقوم کی طرف سے اقتصادی، جغرافیائی، قومی، سیاسی، نسلی، مذہبی یا کسی اور مقصد کے حصول کے لیے فوجی قوت کا استعمال جنگ کے زمرے میں آتے ہیں۔

جنگی آپریشن سے مراد عداوت، بغاوت، شورش، ہنگامہ ، خانہ جنگی، فتنہ ، سرکشی، انقلاب، سازش، فوجی یا بزور قبضہ اور مارشل لاء یا محاصرہ ہے۔

اس پلان میں، جہاں جہاں سیاق وسباق تقاضا کرے وہاں مذکرلفظ سے مونث بھی مراد لیا جائے گا ،اور اسی طرح جہاں جہاں مونث لفظ استعمال ہوا ہے اس کیےمعانی میں مذکر بھی شامل ہوگا۔ اس طرح واحدلفظ کے معنی میں جمع اور جمع میں واحد کے معانی شامل ہوسکتے ہیں۔

بیمہ {کور} کی وسعت

پلان میں دئیےگئے شرائط وضوابط کے مطابق کمپنی درج ذیل تلافی پالیسی ہولڈر کو دے گی:

حادثے کے نتیجے میں موت {موت} یا حادثے سے مستقل مکمل معذوری{پی ٹی ڈی}

کسی حادثے کے نتیجے میں موت یا بیمہ شدہ فردکی مستقل اور مکمل معذوری کی صورت میں حادثے کی تاریخ کے 365دن کے اندر اندر، شروعات کی تاریخ اور بیمہ مدت کے 3یوم کے اندر کمپنی بیس

ہزار {20,000} درہم ادا کرے گی۔ بیمہ شدہ فردکی ملکیت میں موجود'پری پیڈ کارڈز'کی تعداد سے قطع نظر فی بیمہ زندگی قابلِ ادا زیادہ سے زیادہ رقم 20,000{ بیس ہزار درہم} ہوگی۔ پالیسی ہولڈر کی طرف سے کمپنی کی ماہانہ فہرست میں کسٹمر کا حوالہ نمبر فراہم کرنے کی صورت میں بیمہ رقم ایک کسٹمر کے خاص ماہ کے لیے کارآمد ہوگی۔

اس پلان پر قابلِ اطلاق مستثنیات

اس پلان کے تحت درج ذیل کے نتیجے میں وقوع پذیر حادثات کی صورت میں کوئی ادائیگی نہیں کی جائے گی:

١. کسی خطرناک قسم کی کھیل کی سرگرمی میں حصہ لینا یا بطور پیشہ ور کھلاڑی حصہ لینا
٢. رفتار کے مقابلے یا کسی قسم کی دوڑ میں حصہ لینا یا مقابلہ کرنا
٣. کسی کشتی میں عملے کے رکن کے طور پر یا مہم میں حصہ لینا
٤. بیمہ شدہ فردکی حالتِ مخموری یا منشیات یا کسی طبی معالج کے مشورے کے بغیر دواؤں کے زیراثر ہونے کے باعث نقصان کا پہنچنا
٥. کرایہ کی ادائیگی کے بعد سفر، باقاعدہ روٹ پر چلنے والی چارٹر سروس یا تسلیم شدہ ایرلائن کے کمرشل لائسنس سے چلنے والے جہازکے پائلٹ یا عملے کے سوا ہوابازی، گلائیڈنگ یا کسی بھی قسم کا ہوائی سفر
٦. کسی بیمہ شدہ کی طرف سے فوجد اری قانون کی خلاف ورزی یا کسی اور کو اکساکر خود پر حملہ کروانا
٧. **درج ذیل کے نتیجے میں:**

- مجہول جنگ کے سوا کوئی جنگ۔ "مجہول جنگ" کا بیمہ اس صورت میں ختم ہوگا جب بیمہ شدہ فرد کسی ایسے ملک کے سفر پر نکلے گاجہاں پہلے ہی جنگ کا اعلان ہوچکا ہو یا اقوام متحدہ کی طرف سے اس ملک کو جنگی علاقہ تسلیم کیا گیا ہو، یاوہاں جنگی کارروائیاں جاری ہوں۔
- حملہ/چڑھائی
- ایک ایسے دشمن کا عمل جو بیمہ شدہ فرد کی قومیت سے باہر ہو، یا وہ ملک جہاں یا جس کے اوپر عمل کیا گیا ہو۔
- خانہ جنگی
- فسادات
- بغاوت
- سرکشی
- ہنگامہ
- انقلاب
- قانونی حکومت کا خاتمہ
- کسی قسم کی دہشت گردانہ سرگرمی
- جنگی ہتھیاروں کا دھماکہ
- عوامی تباہی کے ہتھیاروں کا اجراء جس میں دھماکہ خیز تسلسل شامل نہیں ہے۔

- قتل یا حملہ جس کا قانونی عدالت میں بیمہ شدہ فرد کی قومیت سے باہر کسی ریاست کے ایجنٹوں کی طرف سے ہونا ثابت ہو جائے، چاہے اس ملک کے ساتھ جنگ کا اعلان ہوچکا ہو یا نہ ہوا ہو۔

۸. ایٹمی،حیاتیاتی یاکیمیائی مواد کے حادثاتی یا ارادی پھیلاؤ یا استعمال کے نتیجے میں پہنچنے والا نقصان بشمول کسی بھی نوعیت کا گھاٹا، ضرر، لاگت یا خرچ جو براہِ راست یا بالواسطہ کسی ایسے واقعے کے نتیجے میں، اس کے تعلق سے، اس کو کنٹرول کرنے، روکنے یا دبانے سے پہنچے جس میں ایٹمی،حیاتیاتی یاکیمیائی مواد کا عمل دخل ہو۔

۹. بیمہ شدہ فرد کی طرف سے بیمہ شروع ہونے کی تاریخ سے لےکر ایک سال کے اندر اندر ہوشمندی سے یا مخبوط الحواسی میں خودکشی کی کوشش، یا خود کو پہنچائی جانے والی چوٹ۔

عمومی شرائط

۱. اہلیت

I. بیمہ شدہ فرد کی عمر یہاں مذکور معیار کے مطابق ہونی چاہیے۔
II. بیمہ مہینے کے لیے کارآمد ہوگا بشرطیکہ پالیسی ہولڈر کی طرف سے فراہم کردہ فہرست میں کسٹمر کا حوالہ نمبر موجود ہو۔

۲. عمر کی حد

I. اندراج کے وقت کم سے کم عمر۔ 18 مکمل برس
II. اجراء کے لیے زیادہ سے زیادہ عمر۔ 64 مکمل برس
III. کوریج کی زیادہ سے زیادہ عمر۔ 65 مکمل برس

۳. فریب پر مبنی دعویٰ (کلیم)

اگر اس پلان کے تحت دائر کیا گیا دعویٰ (کلیم)کسی بھی لحاظ سے فریب یا چالبازی پر مبنی پایا گیا، یا اگر اس پالیسی کے تحت بیمہ شدہ فردیا اُس کی جگہ دعویٰ کرنے والے شخص نے دھوکہ دہی پر مبنی ذرائع یا صورت ،یا چالبازانہ صورتوں یا دیگر

جھوٹے دعووں کا استعمال کیا، یا ایسا دعویٰ بیمہ شدہ فردکے دیدہ و دانستہ فعل یا اس کی چشم پوشی کے ساتھ کیا گیا ہو تو اس مخصوص بیمہ شدہ فردکو اس پلان کے تحت دیئےجانے والے تمام فوائد کی قرقی{ضبط } کی جائے گی۔

٤. دائرہ اختیار

یہ معاہدہ' یو اے ای' کے قانون کی تعمیل میں ہے اوراس سے متعلق تمام دعوے اور/یا قضیے دبئی، متحدہ عرب امارات کی مجاز عدالتوں کے دائرہ اختیار میں آتے ہیں۔

٥. پلان کے ضوابط کی تعمیل

اس پلان کی کسی بھی شرط کی عدم تعمیل کی صورت میں تمام دعوے غیرقانونی تصور کیے جائیں گے۔ اگر کسی واقعے کی صورت میں اس پالیسی کے تحت بیمہ شدہ فرد کی طرف سے غلط معلومات فراہم کی گئیں تو پلان کے تحت دعوے کو رد کردیا جائے گا۔

٦. شرائط کی پابندی

جہاں تک کسی چیز کے کیے جانے یا ان کی طرف سے تدوین سے اس کا تعلق ہے، پالیسی ہولڈر کی طرف سے اس پلان کی مکمل توثیق اور شرائط وضوابط کی مکمل تعمیل اور تکمیل ہونی چاہیے۔ اس کی تعمیل پلان کے تحت کمپنی کی طرف سے ادائیگی کی کسی نظیر سے مشروط ہے۔

٧. بیمہ کا خاتمہ

درج ذیل میں سے کسی ایک یازائد کے وقوع پذیر ہونے کی صورت میں اس پلان کے تحت بیمہ شدہ فردکو دیئے جانے والے تمام فوائد منسوخ ہوجائیں گے:

١. بیمہ شدہ فردیا پالیسی ہولڈر کی طرف سے پری پیڈ سروس کو غیر فعال کرنا۔
٢. پالیسی ہولڈر کی جانب سے اس پلان کے شرائط وضوابط کے مطابق کسی بھی وقت اس پلان کی تنسیخ۔
٣. بیمہ شدہ فرد یہاں دی گئی زیادہ سے زیادہ عمر کی حد کو پہنچ جائے۔
۴. بیمہ شدہ فرد کی تاریخ یہاں بیمہ شدہ فرد{افراد} کی تعریف کے مطابق مزیداس پالیسی کے لیے اہل نہ رہے۔
٥. پالیسی ہولڈر کی جانب سے کمپنی کو دی جانے والی ماہانہ فہرست میں بیمہ شدہ فردکا حوالہ نمبر ظاہر نہیں کیا گیا ہو۔
٦. کسی بھی بیمہ شدہ فرد کے حوالے سےبنیادی رقم کی حد تک ادائیگی کی تاریخ۔
٧. بیمہ شدہ فرد اب متحدہ عرب امارات میں نہیں رہتا۔
٨. پالیسی ہولڈر کی طرف سے پلان کے خاتمے کی تاریخ کی عدم تجدید۔

ایسی تنسیخ ، پلان کے خاتمے سے قبل پیدا ہونے والے کسی بھی قانونی دعوے سے جانبداری دکھائے بغیر، ہونی چاہیے۔

٨. علاقائی حدود

24گھنٹے دنیا بھر میں

۹. عمر کی درستی

اگر پالیسی کے تحت بیمہ شدہ فردکی جانب سے کمپنی کو صرف پیدائش کا سال فراہم کیا گیا ہو تو اس پلان کے تحت تاریخ پیدائش اس فرد کی پیدائش کے سال کا 31دسمبر تصور کیا جائے گا اِلا یہ کہ اس کے پاسپورٹ یا قومی شناختی کارڈ میں مذکور تاریخ سےاس کی تصدیق نہ ہوئی ہے۔

۱۰.مجموعی فوائد

اس پلان کے تحت کسی بھی بیمہ شدہ فرد کو ادا کیے جانے والے فوائد کی زیادہ سے زیادہ مجموعی رقم تکافل فوائد میں بیان کی گئی رقم سے زیادہ نہیں ہونی چاہیے۔اگر بیمہ شدہ فرد کا کمپنی کے جاری کردہ اس پلان کے تحت ایک سے زائد دفعہ بیمہ کیا گیا تو پھر دیگر پالیسیوں کے تحت جمع شدہ تکافل حصہ رسدی پالیسی ہولڈر کو واپس کردیا جائے گا اور دعوے کی صرف ایک بار ادائیگی کی جائے گی، مگر بصورتِ دیگر شرائط وضوابط کے مطابق ادائیگی کی جائے گی۔ تاہم کسی اور بیمہ کمپنی کی طرف سے اسی بیمہ شدہ فردکے نام پر دیگر کسی پلان کی وجہ سے اس پلان کے تحت دائر کیا گیا دعویٰ متاثر نہیں ہوگا۔

۱۱.بیمہ رعایتی مدت

پہلا تکافل حصہ رسدی {کنٹری بیوشن} دینے کے بعد ہر تکافل حصہ رسدی کی ادائیگی کے لیے 30یوم کی ایک بیمہ رعایتی مدت دی جائے گی جس کے دوران پلان نافذ رہے گا اِلا یہ کہ اس کو تنسیخی طریقہ کار کے تحت منسوخ نہ کیا جائے گا۔

بیمہ شدہ فردپر پلان کی نافذ العمل مدت کے لیے کمپنی کو تکافل کے حصہ رسدی کی ادائیگی کرنا واجب ہوگا ۔ اگر بیمہ رعایتی مدت کے دوران نقصان پیش آئے تو کسی بھی واجب الادا تکافل حصہ رسدی کو تصفیہ شدہ رقم سے منہا کردیا جائے گا۔

۱۲.قابلِ اطلاق قانون اور دائرہ اختیار

اس پلان کو متحدہ عرب امارات کے قوانین کے مطابق چلایا جائے گا۔ دونوں فریقین متحدہ عرب امارات کے مکمل عدالتی دائرہ اختیار پر اتفاق رکھتے ہیں اور اس کی تعمیل کرتےہیں۔

۱۳.وقت کی حد

اگر کوئی دعویٰ کیا جائے گا اور اس کورد کردیا جائے گااور کوئی عمل یا قانونی چارہ جوئی دعوے کے رد ہونے کے بعد سے 6 ماہ کے بعد یا{ اس پلان کے ضوابط کے تحت کسی ثالثی کی صورت میں} ثالث کی طرف سے اپنے فیصلے کے 6ماہ کے بعد ہی تمام فوائد ضبط ہونے کی صورت میں کی جاسکے گی۔

<u>**دعویٰ[کلیم] کا طریقہ کار**</u>

اس پالیسی کے تحت بیمہ شدہ فرد، مستفید ہونے والے یا اس کے نمائندوں کو کسی ایسے واقعے کے وقوع پذیر ہونے پر جس کے بعد اس پلان کے تحت دعویٰ بنتا ہے، درج ذیل طریقہ کار اپناناچاہیے:

۱. دعوے کی اطلاع

نمائندوں، مستفید ہونے والے یا اس پالیسی کے تحت بیمہ شدہ فردکو چاہیے کہ واقعے کی تاریخ کے 90 یوم کے اندراندرکمپنی کو اپنے دعوے (کلیم) کی اطلاع دے ۔

٢. دعویٰ جمع کرنا/رجسٹریشن

نمائندوں، مستفید ہونے والے یا اس پالیسی کے تحت بیمہ شدہ فردکو چاہیے کہ مکمل دعویٰ فارم کو مطلوبہ دستاویزات کے ساتھ واقعے کی تاریخ کے180یوم کے اندر اندر کمپنی میں جمع کرادیں۔ کمپنی دستاویزات کی وصولی پر ایک یوم ِکار {ورکنگ ڈے}میں دعوے کو رجسٹرکردیتی ہے۔

٣. نامکمل/اضافی دستاویزات جمع کرنا

نمائندوں، مستفید ہونے والوں یا اس پالیسی کے تحت بیمہ شدہ فردکو چاہیے کہ کسٹمر کے نمائندے کی طرف سے وصولی پر تمام نامکمل /اضافی دستاویزات جمع کرادے۔ کمپنی کی طرف سے اس کے مطابق دعوے کی کیفیت/حالت کو اپ ڈیٹ کی جاتا ہے۔

٤. ڈسچارج رسید

دعوے کی منظوری کی صورت میں کمپنی نمائندوں، مستفید ہونے والے یا اس پالیسی کے تحت بیمہ شدہ فردکو ایک ڈسچارج رسید[ڈی آر] سات ایام کار {ورکنگ ڈے} میں فراہم کرتی ہے۔ ڈی آردر اصل دعوے کی منظوری ہے جس کا نمائندوں، مستفید ہونے والے یا اس پالیسی کے تحت بیمہ شدہ فردکی طرف سے دستخط کے بعد واپس کمپنی کو جمع کرانا ضروری ہے۔

٥. دعوے کا تصفیہ

کمپنی دعوے کا تصفیہ دعوے سے متعلق تمام دستاویزات کی وصولی کے 15ایامِ کار {ورکنگ ڈے}کے اندر اندر کرے گی۔

٦. ردِ دعویٰ[کلیم مسترد کرنا]

اگر پلان کے شرائط و ضوابط کے مطابق دعویٰ جمع ہونے کے قابل نہیں ہے تو کمپنی نمائندوں، مستفید ہونے والے یا اس پالیسی کے تحت بیمہ شدہ فرد کی طرف سےدعویٰ (کلیم)کی تمام دستاویزات کی وصولی کے دن سے 5ایام ِکار میں ان کو دعویٰ رد ہونے کا خط بھیجے گی۔

٧. دعویٰ کے لیے درکار دستاویز

اس پالیسی کے تحت بیمہ شدہ فرد، پالیسی سے مستفید ہونے والے یا نمائندوں کی طرف سے دعویٰ (کلیم) فارم درج ذیل دستاویز ات کے ساتھ کمپنی میں جمع ہونا چاہیے۔ ذیل میں جن دستاویز کی نشاندہی کی گئی ہے دعویٰ کی حتمی تصفیے سے قبل تصدیق کے لیے ان کی اصل پیش کرنا ضروری ہے[ماسوائے وہ جو حکام کے پاس ہیں]۔

الف} موت کا دعویٰ

I. کلیم فارم/دعویٰ فارم
II. سندِ موت/ڈیتھ سرٹیفکیٹ
III. پولیس رپورٹ
IV. پوسٹ مارٹم رپورٹ [جہاں قانونی طور پر درکار ہے]

V. پاسپورٹ کی کاپی [تارکینِ وطن کے لیے ریزیڈنس ویزا کے صفحے کے ساتھ] یا قومی شناختی کارڈ [صرف یو اے کے شہری]
VI. دعویٰ کے ثبوت کے لیے درکار کوئی اور دستاویز

ب} پی ٹی ڈی کلیم {دعویٰ}

I. کلیم فارم/دعویٰ فارم
II. مجاز طبی معالج کی طرف سے معذوری کی تصدیق کے لیے سندِمعذوری
III. پولیس رپورٹ
IV. مجاز طبی معالج کی طرف مکمل تشخیص، معذوری کی وجہ اور فراہم کردہ علاج [اگر فراہم کیا گیا ہےتو اس] کی تفصیلات کے ساتھ طبی رپورٹ
V. پاسپورٹ کی کاپی [تارکینِ وطن کے لیے ریزیڈنس ویزا کے صفحے کے ساتھ] یا قومی شناختی کارڈ[صرف یو اے کے شہری]
VI. دعوے کے ثبوت کے لیے درکار کوئی اور دستاویز

مذکورہ بالا تمام دستاویز ات کی دعوے کے حتمی تصفیے سے قبل تصدیق کے لیے اصل پیش کرنا ضروری ہے[ماسوائے وہ جو حکام کے پاس ہیں]-

*طبی رپورٹ چیف میڈیکل آفیسر یا مقامی حکام کی جانب سے تسلیم شدہ رجسٹرڈ طبی معالج سے حاصل کرنا چاہیے۔